سوال

(175) پریزیڈنٹ فنڈ کے سلسلہ میں

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

چونکہ اصلی رقم تو صریحاً زید کی ہی ہے جو کہ مانندینک محکمہ میں جمع ہوتی رہتی ہے۔ اسلئے کیا زید کو ہر سال اس رقم پر زکواۃ واجب ہوگی؟ اگر واجب ہوگی تو کتنی رقم پر 250 پر یا 500 پر ہے؟

مثلاً زید دس سال بعد جب ملازمت سے علیحدہ ہوا تو اسے یوں گوشوارہ پیش کیا گیا زید کی دس سال کی پریزیڈنٹ فنڈ میں تنخواہ کی کٹوتیوں کی کل رقم 3000

دس سال میں جو رقم محکمہ نے اپنے پاس سے زید کے فنڈ میں شامل کی 3000

دس سال میں محکمہ نے جو 6000 پر زید کو سود دیا 1695 روپے

پریزیڈنٹ فنڈ کے سلسلہ میں کل رقم جو زید اب محکمہ سے وصول کرے گا۔ 7695 روپے

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

سود کے علاوہ جو زید کی اپنی ملکیتی رقم ہے۔ اس پر زکواۃ واجب ہوگی جبکہ اس پر سال پورا ہو جائے اور رقم میں جو سود ہے اس پر زکاۃ نہیں ہوگی کیونکہ یہ زید کی ملیکت نہیں ہے۔ (اہل حدیث لاہور جلد 3 شمارہ 34)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 14 ص 174